# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ:30ستمبر2025ء

صوبہ پنجاب میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں کل مورخہ 29ستمبر2025ء کو الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں ہوا۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ پنجاب میں لوکل گورنمنٹس کی معیاد 2021 میں ختم ہو گئی تھی۔ سابقہ ادوار میں پانچ(5)مرتبہ لوکل گورنمنٹ قوانین میں ترامیم کی گئیں۔ الیکشن کمیشن تین(3)دفعہ حلقہ بندی کر چکا ہے۔ الیکٹورل گروپس کی رجسٹریشن بھی دو(2)دفعہ کر چکا ہے۔ اور اب چھٹی(6)مرتبہ قانون سازی پر کام جاری ہے۔ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن کئی مرتبہ پنجاب گورنمنٹ کو مراسلہ جات تحریر کر چکا ہے۔ اور میٹنگز کر چکا ہے۔ اُسکے باوجود صوبہ میں قانون سازی اور لوکل گورنمنٹ انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں ہو سکا۔

سیکرٹری نے مزید بتایا کہ الیکشن کمیشن نے صوبہ میں انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے اس کیس کی سماعت 2جون 2025 کو کی۔ جس میں صوبہ پنجاب کی طرف سے لوکل گورنمنٹ کے صوبائی وزیر اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ ڈرافٹ لوکل گورنمنٹ قانون پر سٹینڈنگ کمیٹی ریویو(Review)کر رہی ہے۔ مزید گورنمنٹ آف پنجاب بجٹ سیشن میں مصروف ہے۔ لہذا گورنمنٹ کو تین ماہ کا مزید وقت دیا جائے تاکہ قانون سازی مکمل کی جائے۔

لہذا الیکشن کمیشن نے اپنے آرڈر میں گورنمنٹ آف پنجاب کی درخواست پر تین ماہ کا وقت دیا تھا لیکن اب تک پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے قانون سازی سے متعلق کوئی پراگریس موصول نہیں ہوئی ہے۔

الیکشن کمیشن نے اس صورتحال پر انتہائی مایوسی کا اظہار کیا اور صوبہ میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کے کیس کو 8اکتوبر2025 کو سماعت کیلئے مقرر کیا اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہے۔ اس کیس کی سماعت الیکشن کمیشن کا فل بنچ کرے گا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*

**MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING**